© rasailojaraid.com



# کراچی یونی ورسٹی نے ملک کے پانچوں وفاقوں کی سند

# "شهادة العالیه"

## کو بی۔اے کے مساوی تسلیم کرلیا

عزت مآب حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مد ظلہم العالی صدر دارالعلوم کراچی ورکن عاملہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان جو کراچی یونی ورسٹی کے سنڈیکیٹ کے رکن بھی ہیں۔ حضرت والا کراچی یونی ورسٹی سے "شهادة العالیه" کی سند کے معادلہ کے سلسلہ میں مسلسل کوشش فرمارہے تھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور حضرت مفتی صاحب مد ظلہم کی مسلسل کوششوں سے کراچی یونی ورسٹی نے پانچوں وفاقوں اور دارالعلوم کراچی کی سند "شهادة العالیه" کو بی۔اے کے مساوی تسلیم کرلیا ہے۔ اس سلسلہ میں روئیداد اجلاس سنڈیکیٹ کراچی یونی ورسٹی منعقدہ ۱۹ اکتوبر ۲۰۰۲ء کا اقتباس ملاحظہ ہو:

> "روئیداد کے صفحہ نمبر ۶ قرارداد نمبر ۳ کے ضمن میں وضاحت کی گئی کہ اس وقت جامعہ کراچی "شهادة العالمیه" پر ایم۔اے کے مساوی کا سرٹیفکیٹ جاری کرتی ہے۔ اسی طرح اب "شهادة العالیه" کی سند پر "بی۔اے" کے مساوی کا سرٹیفکیٹ جاری کرے گی۔"

اس کامیابی کا سہرا حضرت مفتی محمد رفیع عثمانی مد ظلہم العالی کے سر ہے۔ دعا ہے کہ اللہ رب کریم حضرت والا کا سایہ تادیر صحت کاملہ کے ساتھ ہمارے سروں پر قائم رکھے اور ہم اسی طرح ان سے فیضیاب ہوتے رہیں۔ آمین